## جوجعلی ڈگریوں اورجھوٹ کا سہارا لے وہ سچائی اور ایمانداری کے ساتھ ملک اورعوام کی خدمت کیسے کرسکتا ہے۔الطاف حسین

## کیا جعلی ڈگریوں کا استعمال کر کے نئی نسل کو مثبت تعلیم دی گئی ہے؟ پوری دنیا میں جھوٹ کا سہارا لینے کے عمل کو جائز اور اچھا نہیں سمجھا جاتا

## پنجاب اسمبلی میں میڈیا کے خلاف پیش کی گئی قرارداد اور صحافیوں کے خلاف استعمال کی گئی غلیظ زبان پر پنجاب کے وزیراعلیٰ، صوبائی وزیر قانون، اسپیکر پنجاب اسمبلی اور اسمبلی کے تمام ارکان صحافی برادری سے معافی مانگیں

## پاکستان اور بھارت کے وزرائے خارجہ کے درمیان مذاکرات کا خیرمقدم کرتے ہیں، بات چیت کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے

## پاکستان اور بھارت کو اس حقیقت کو تسلیم کر لینا چاہیے کہ ہم اپنے دوست اور دشمن بدل سکتے ہیں لیکن اپنے پڑوسی نہیں بدل سکتے

## نائن زیرو عزیز آباد پر ایم کیو ایم کے شعبہ ءاطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔16 جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ جو اسمبلیوں کے ممبر بننے کیلئے جعلی ڈگریوں اور جھوٹ کا سہارا لے وہ سچائی اور ایمانداری کے ساتھ ملک اورعوام کی خدمت کیسے کرسکتا ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک کو جھوٹ کا سہارا لیکر اسمبلیوں کے ممبر بننے والوں، دھوکے بازوں اور ملک کی دولت لوٹنے والوں سے نجات دلائے اور ملک پر ایماندار لوگوں کی حکمرانی قائم کرے۔انہوں نے پاکستان اور بھارت کے وزرائے خارجہ کے درمیان مذاکرات کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بات چیت کا یہ سلسلہ جاری رہنا چاہیے، دونوں ملکوں کو اس حقیقت کو تسلیم کر لینا چاہیے کہ ہم اپنے دوست اور دشمن بدل سکتے ہیں لیکن اپنے پڑوسی نہیں بدل سکتے۔انہوں نے پنجاب اسمبلی میں میڈیا کے خلاف قرارداد کی منظوری کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ میڈیا کے خلاف منظور کی گئی قرارداد واپس لی جائے اور اس قرارداد کی منظوری پر پنجاب کے وزیراعلیٰ، صوبائی وزیر قانون، اسمبلی کے اسپیکر اور پورا ایوان میڈیا سے معافی مانگے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صحافیوں کے ساتویں ویج بورڈ ایوارڈ کا نفاذ فی الفور کرایا جائے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کی شب ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر ایم کیو ایم کے شعبہ ءاطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔افتتاحی تقریب میں اخبارات، رسائل وجرائد کے ایڈیٹرز، ٹی وی چینلز کے اینکر پرسنز، سینئر صحافیوں، کالم نگاروں، تجزیہ نگاروں، شاعروں، دانشوروں، کراچی پریس کلب، کراچی یونین آف جرنلسٹ، ایسوسی ایشن آف ٹی وی جرنلسٹ پاکستان، پاکستان پریس فوٹوگرافرز ایسوسی ایشن، آل پاکستان نیوز ایمپلائز کنفیڈریشن، آرٹس کونسل آف پاکستان اور اخباری کارکنوں کی دیگر تنظیموں کے عہدیداران، ارکان، اخبارات، خبر ایجنسیوں اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں اور فوٹوگرافروں اور نائن زیرو کے شعبہ جات کے ارکان نے شرکت کی۔اس موقع پر حق پرست ارکان اسمبلی اور رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اکیسویں صدی انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی کی صدی ہے، ایک زمانے میں انفارمیشن کا ذریعہ صرف اخبارات ہوا کرتے تھے لیکن پھر ٹیلیفون، ریڈیو اور ٹی وی آیا۔اسکے بعد کمپیوٹر ٹیکنالوجی آئی اور کمپیوٹر ٹیکنالوجی کی وجہ سے آج دنیا کا ایک کونہ دوسرے کونے سے جڑا ہوا ہے اور دنیا کے ایک کونے میں رونما ہونیوالے واقعہ کے بارے میں ہم چند سیکنڈوں میں دنیا کے دوسرے کونے میں بیٹھے معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ترقی پذیر ملکوں کو ترقی یافتہ ملکوں کی صف میں شامل ہونے کیلئے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے حصول اور ترویج پر توجہ دینا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی بدولت ملک کے شہروں اور گاؤں میں لوگ ٹی وی چینلز پر اسمبلیوں کے ممبر بننے کیلئے جعلی ڈگریوں کا استعمال کرنے والوں کے بارے میں رپورٹس، خبریں تبصرے اور تجزیے دیکھ رہے ہیں اور صحافیوں، دانشوروں اور محققین کے بحث ومباحثے، مناظرے اور مذاکرے دیکھ رہے ہیں اور سوچ بھی رہے ہیں کہ جعلی ڈگریوں کا استعمال ملک کیلئے فائدے مند ہے یا نقصان دہ ہے۔انہوں نے جعلی ڈگریوں کے معاملے پر تبصرہ کرتے ہوئے سوال کیا کہ اسمبلیوں کا ممبر بننے کیلئے جعلی ڈگریوں کا استعمال کرنے والوں نے کیا ملک وقوم کی خدمت کی ہے؟ کیا ایسا عمل کر کے نئی نسل کو مثبت تعلیم دی گئی ہے؟ اگر کوئی ملک اور عوام کی خدمت کے دعوے کر کے آتا ہے اور قسمیں کھاتا ہے لیکن اس کے انتخابی عمل کی ابتداء ہی جھوٹ سے ہو اور وہ جعلی ڈگریوں اور جھوٹ کا سہارا لے وہ ملک وقوم کی خدمت ایمانداری اور سچائی سے کس طرح کرسکتا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اسمبلی کا ممبر بننے کیلئے ڈگری کی شرط غلط ہے اور یہ ایک فوجی ڈکٹیٹر نے لگائی تھی، تو اگر اس پر اعتراض کرنے والے اتنے ہی اصول پسند تھے تو وہ ڈگری کی شرط کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے انتخابات کا بائیکاٹ کردیتے نہ کہ اپنے انتخاب کیلئے جعلی ڈگریوں کا سہارا لیتے۔انہوں نے کہا کہ بعض لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ عوام جعلی ڈگریوں کو نہیں جانتے اور نا اہل ہونے والوں کو پھر بھی ووٹ دیتے ہیں، ایسی باتیں کر کے قوم کو بیوقوف بنانے کی کوشش کی جاتی ہے، بنیادی چیز یہ ہے کہ آپ اخلاقی، سماجی اور معاشرتی اعتبار سے اس بات پر غور کریں کہ پوری دنیا میں جھوٹ کا سہارا لینے کے عمل کو جائز اور اچھا نہیں سمجھا جاتا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک کو جھوٹ کا سہارا لیکر اسمبلیوں کے ممبر بننے والوں، دھوکے بازوں اور ملک کی دولت لوٹنے والوں سے نجات دلائے اور ملک پر ایماندار لوگوں کی حکمرانی قائم کرے۔

جناب الطاف حسین نے اسلام آباد میں پاکستان اور بھارت کے وزرائے خارجہ کے درمیان ہونے والے مذاکرات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ گوکہ مذاکرات کے اس دور سے کوئی حوصلہ افزاء نتیجہ برآمد نہیں ہوا لیکن میں دونوں ممالک کے ارباب اختیار سے دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان بہتر تعلقات کیلئے دونوں ممالک کے درمیان بات چیت کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔ دونوں ممالک کے ارباب اختیار، دانشور، اہل قلم حضرات اور سیاستدانوں کوئی اس حقیقت کو تسلیم کرنا چاہئے کہ ہم اپنے دوست اور دشمن بدل سکتے ہیں لیکن اپنے پڑوسی نہیں بدل سکتے اور پڑوسی ممالک کے ساتھ بہتر اور دوستانہ تعلقات ہی ملکوں اور عوام کے مفاد میں ہے۔ پاکستان اور بھارت کے ارباب اختیار کو یورپی ممالک سے سبق سیکھنا چاہئے، یورپی ممالک بار بار ایک دوسرے سے جنگیں لڑکر ایک دوسرے کا جانی ومالی نقصان کرتے رہے اور بالآخر اس نتیجہ پر پہنچے کہ انکے ممالک اور عوام کی بہتری جنگوں میں نہیں بلکہ یورپی یونین میں ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان کئی جنگیں ہوچکی ہیں اگر وہ مزید جنگ لڑنا چاہتے ہیں تو اس سے دونوں ممالک کے عوام کا جانی ومالی نقصان ہوگا کیونکہ جنگ سے تباہی وبربادی ہوتی ہے لہٰذا دونوں ممالک کیلئے بہتر ہے کہ وہ جنگ وجدل کے بجائے ایک دوسرے کے وجود کو کھلے دل سے تسلیم کریں تاکہ چھوٹے بڑے ملک کا تصور ختم ہوسکے اور دونوں ممالک کے درمیان برابری کی بنیاد پر دوستی کا آغاز کیا جاسکے۔ انہوں نے پاکستان اور بھارت کے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی بہتری کیلئے دونوں جانب سے دانشوروں، تجزیہ نگاروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے وفود بھیجیں کیونکہ تعلقات کی بہتری کیلئے دونوں ممالک کے وفود کا آپس میں تبادلہ خیال کرنا بہت ضروری ہے۔ وفود میں شامل تمام شعبوں کے اکابرین جنگ کے بجائے اپنے اپنے ممالک کے ارباب اختیار کو نہ صرف باعزت مذاکرات کا درس دیں گے بلکہ ان پر زور بھی دیں گے کہ امن اور بہتر تعلقات میں ہی دونوں ممالک کی ترقی پوشیدہ ہے۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان میں مختلف معاملات بالخصوص سیاسی شعور کی بیداری میں میڈیا کا بہت اہم اور نمایاں کردار ہے جس پر میں پرنٹ اور الیکٹرانک نمائندوں کو فرداً فرداً خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور متحدہ قومی موومنٹ کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کے ساتھ ساتھ باشعور عوام سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ میڈیا کے نمائندگان کا احترام کریں۔ انہوں نے پنجاب اسمبلی میں میڈیا کے خلاف پیش کی گئی قرارداد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی تمام صحافتی انجمنوں کو یقین دلایا کہ ایم کیو ایم میڈیا کے شانہ بشانہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پنجاب اسمبلی میں میڈیا کے خلاف پیش کی گئی قرارداد اور صحافیوں کے خلاف استعمال کی گئی غلیظ زبان پر وزیراعلیٰ پنجاب، اسپیکر پنجاب اسمبلی اور اسمبلی کے تمام ارکان صحافی برادری سے معافی مانگیں اور قرارداد واپس لینے کا اعلان کریں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اب صرف کراچی اور حیدرآباد تک محدود نہیں ہے بلکہ اس کی شاخیں پورے ملک میں پھیل چکی ہیں اور ایم کیو ایم میڈیا کے خلاف کئے گئے ہر عمل پر احتجاج میں پورے ملک میں میڈیا کے شانہ بشانہ ہوگی۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صحافیوں کے ساتویں ویج بورڈ ایوارڈ کا نفاذ فی الفور کرایا جائے۔ انہوں نے بعض ٹی وی چینلز اور اخبارات سے صحافیوں کو ان کی ملازمتوں سے بلا جواز بیدخل کرنے پر تشویش کا اظہار کیا اور اخبارات اور چینلز کے مالکان سے اپیل کی کہ صحافیوں اور اخباری کارکنوں کی برطرفی کا عمل فی الفور بند کیا جائے۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے اپیل کی کہ اپنی جانوں پر کھیل کر دہشت گردی کے واقعات کی براہ راست کوریج کرنے والے میڈیا کے نمائندوں، کیمرہ مینوں، فوٹو گرافروں اور ٹیکنیشنز کی سیفٹی اور سیکورٹی پر بھی توجہ دی جائے اور اس سلسلے میں عملی اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے ایم کیو ایم کے جلسوں کی براہ راست کوریج اور ان کی بہترین رپورٹنگ کرنے پر پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں، کیمرہ مینوں اور فوٹو گرافروں اور ٹیکنیشنز کو خراج تحسین پیش کیا اور ٹی وی چینلز کے مالکان، ڈیسک انچارجز اور عملے کے ارکان کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کے افتتاح پر شعبہ اطلاعات کے انچارج، جوائنٹ انچارجز، کمیٹی کے ارکان، نیوز سیکشن، وڈیو سیکشن، فوٹو سیکشن اور کیم ونگ کے تمام ذمہ داران وارکان کو مبارکباد پیش کی اور شعبہ اطلاعات کے ارکان پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے ادا کریں اور فرائض کی ادائیگی کے دوران میڈیا کے نمائندوں کے ساتھ حسن سلوک کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے ایم کیو ایم کے تمام نمائندوں، ذمہ داروں اور کارکنوں کو سختی سے ہدایت کہ صحافی برادری کے ساتھ ہر جگہ حسن اخلاق سے پیش آئیں، ان کا احترام کریں اور اگر کوئی شکایت بھی ہوتو زورزبردستی اور غنڈہ گردی کے بجائے شائستگی سے پیش آئیں۔ انہوں نے افتتاحی تقریب میں شرکت پر اخبارات کے مدیروں، اینکر پرسنز، سینئر صحافیوں، کالم نگاروں، شاعروں، دانشوروں، مختلف صحافتی تنظیموں کے عہدیداران، ارکان، اخبارات، خبرایجنسیوں اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں اور فوٹو گرافروں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے سینئر صحافیوں سے درخواست کی کہ وہ کچھ وقت نکال کر ایم کیو ایم کے شعبہء اطلاعات کے ارکان کی تربیت کریں تاکہ وہ سینئر صحافیوں کے تجربہ سے کچھ سیکھ سکیں۔ انہوں نے حاظرین سے اپیل کہ وہ ان کے بڑے بھائی ابرار حسین کی صحتیابی کیلئے دعا کریں جو عارضہ قلب میں مبتلا ہیں اور ان کا آج بائی پاس ہو رہا ہے۔ انہوں نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی بڑی صاحبزادی شمائلہ کی صحتیابی اور رابطہ کمیٹی کے رکن انیس ایڈوکیٹ کے بھانجے محمد علی کی بازیابی کیلئے بھی حاظرین سے دعا کی درخواست کی۔

## خیبرایجنسی کی وادی تیرہ کے جمعہ بازار بم دھماکے میں ملوث دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں، الطاف حسین

لندن۔۔۔16، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیبرایجنسی کی وادی تیرہ کے جمعہ بازار میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں متعدد افراد کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ معصوم افراد کا خون بہانے والے دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں اور کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وادی تیرہ کے جمعہ بازار میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ وادی تیرہ کے جمعہ بازار میں بم دھماکے میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے، دہشت گردوں اور ان کے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے مزید ٹھوس اقدامات کئے جائیں، عوامی جان و مال کے تحفظ کو ہرصورت میں یقینی بنایا جائے اور بم دھماکے میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین کی مالی معاونت کی جائے۔ انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## نجی ٹی وی چینلز کے ٹی این، کوک اور اپنا کے بیسمنٹ میں آتشزدگی کے واقع پر ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کا اظہارِ تشویش

کراچی۔۔۔16 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نجی ٹی وی چینلز کے ٹی این، کوک اور اپنا کے بیسمنٹ میں آتشزدگی کے واقع پر تشوش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کے ٹی این ٹی وی کے ملکان سے آتشزدگی کے واقع میں قیمتی املاک کو نقصان پہنچے پر دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ دریں اثناء حق پرست رکن سندھ اسمبلی اور وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن اور حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت نے جمعرات کی شب نجی ٹی وی چینل کے ٹی این، کوک اور اپنا کے بیسمنٹ (Basement) میں آتشزدگی سے متاثرہ دفتر کا دورہ کیا۔ وہ کچھ دیر تک وہاں موجود رہے اور چینل کی انتظامیہ سے آتشزدگی کی وجوہات معلوم کی اور نقصان کا جائزہ لے کر اپنی جانب سے دلی ہمدردی اور ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ چینل کی انتظامیہ نے اظہار ہمدردی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر کیا۔

## پیپکو کی جانب سے بجلی کے دن اور رات کے ٹیرف میں اضافہ کا نوٹیفکیشن
## واپس لیئے جانے کے باوجود صارفین سے بلوں کی وصولی کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔16/ جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پیپکو کی جانب سے نوٹیفکیشن واپس لیے جانے کے باوجود صارفین کو دن اور رات کے ٹیرف کے حساب سے بجلی کے اضافی بل ارسال کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے غریب عوام کے ساتھ ظلم و زیادتی اور کھلا دھوکا قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کی یقین دہانی کے بعد پیپکو نے بجلی کے ٹیرف کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا تھا تاہم نوٹیفکیشن واپس لیے جانے کے باوجود صارفین کو دن اور رات کے علیحدہ علیحدہ ٹیرف کے حساب سے بل ارسال کردیئے گئے ہیں جو غریب عوام کا معاشی قتل اور ان سے کھلا دھوکہ ہے جس سے صارفین میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے اور وہ احتجاج پر مجبور ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جانب شدید گرم موسم میں ملک بھر کے عوام بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا عذاب جھیل رہے ہیں اور بجلی کے عدم فراہمی کے باعث صنعتی اور تجارتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہیں جبکہ دوسری جانب دن اور رات کے علیحدہ علیحدہ ٹیرف کے بہانے بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کرکے غریب عوام کا مزید معاشی قتل کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ پیپکو کی جانب سے بجلی کے ٹیرف میں اضافے کا نوٹی فیکشن واپس لیئے جانے کے باوجود صارفین کو بجلی کے بلوں وصولی کا سختی سے لیا جائے اور پیپکو انتظامیہ سے بازپرس کی جائے اور شہریوں کو لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## پاک بھارت مذاکرات پورے جنوبی ایشیاء میں پائیدار اور دیرپا امن کے لیے مفید ثابت ہوں گے، ڈاکٹر فاروق ستار

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں ایم کیو ایم کے وفد کی بھارتی وزیر خارجہ ایس ایم کرشنا سے ملاقات

اسلام آباد......(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینرز و وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار کی قیادت میں تین رکنی وفد نے بھارتی وزیر خارجہ ایس ایم کرشنا سے ملاقات کی وفد میں حق پرست وفاقی وزیر بابر غوری اور ایم کیو ایم کے قومی اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی شامل تھے۔ ملاقات کے بعد ڈاکٹر فاروق ستار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے بھارتی وزیر خارجہ کو قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی جانب سے خوش آمدید کہا اور مذاکرات کے آغاز کا خیر مقدم کیا۔ مذاکرات کے آغاز کو ہم سمجھتے ہیں کے آنے والے وقتوں میں اس کے مفید اثرات نکلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک بھارت مذاکرات پورے جنوبی ایشیاء میں پائیدار اور دیرپا امن کے لیے مفید ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک بھارت مذاکرات دونوں مما لک کے تعلقات میں بہتری لانے کیلئے بھی کارآمد ثابت ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ دورہ پاکستان بھارت تعلقات کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے پاکستانی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کو بھارت کے دورے کی بھی دعوت دی ہے جو انہوں نے قبول کر لی ہے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ مذاکرات کو نتیجہ بنانے کے لیے مزید اقدامات کی بھی ضرورت ہے۔ دونوں مما لک میں مذاکرات کے ذریعے تجارت کو بہتر بنانے کی ضرورت پر بھی بات چیت ہوئی۔ اس سلسلے میں ویزا پالیسی کو آسان اور بہتر بنانیکی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر آف کامرس اور عام لوگوں کے لیے بھی ویزے کی سہولت کو بہتر بنانے اور کراچی میں قونصلیٹ قائم کرنے یا فوری طور پر ویزا سیکشن کے قیام پر بھی زور دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد اور انتہاء پسند جنوبی ایشیاء میں مختلف طریقوں سے واردات کرتے ہیں اور ان کی پالیسی تقسیم کرو اور حکومت کرو کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب ضرورت اس بات کی ہے جہاں عالمی سطح پر اس خطے میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں تعاون کا سلسلہ جاری ہے وہاں اس سے زیادہ علاقائی کوشش ہونی چاہیئے اس سلسلے میں دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے خلاف پاک بھارت افغانستان اور ایران کو مل کر حکمت عملی ترتیب دینی چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے سارک فورم کو بھی زیادہ فعال بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا ہے اور پارلیمانی وفود کے زیادہ سے زیادہ تبادلے اور عوام سے عوام تک کے رابطوں کو بھی فعال بنانے کے لیے اقدمات کی ضرورت پر بھی بات چیت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پورے خطے میں امن و استحکام کے لیے مل کر اقدامات کرنے ہوں گے اور خطے کی معاشی صورتحال کو بھی بہتر کر کے خوشحال بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے صرف پاک بھارت مقدمہ نہیں بلکہ جنوبی ایشیاء کے عوام کے مسائل کے حل کی بات کی ہے۔ مختلف سوالات کے جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چھ ماہ میں مختلف اعلیٰ سطح مذاکرات کے بعد آج دوبارہ ان مذاکرات کا آغاز ہوا ہے ان ملاقاتوں سے ہمیں نتائج کی اچھی امید رکھنی چاہیئے، وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کا دورہ بھارت بھی خوش آئند ہے۔

## صوبہ پنجاب میں پی سی ایس افسران کے ساتھ جاری ناانصافیوں اور ڈی ایم جی افسران کے تسلط کا سخت نوٹس لیا جائے، حیدر عباس رضوی، سفیان یوسف

کراچی۔۔۔16، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی و ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی اور رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف نے صوبہ پنجاب میں پی سی ایس افسروں کے ساتھ جاری ناانصافیوں اور ڈی ایم جی افسران کے تسلط کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ صوبہ پنجاب میں پی سی ایس افسران کے ساتھ جاری ناانصافیوں کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں پی سی ایس افسران کے جاری ناانصافی کے عمل کے باعث ان میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے اور وہ اپنا حق لینے کیلئے آئینی و قانونی جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی سی ایس افسران کے ساتھ جاری انصافیاں اور ڈی ایم جی افسران کا تسلط ماضی میں ملک کیلئے باعث نقصان بنا ہے۔ لہٰذا ماضی کے تجربات سے سبق سیکھا جائے اور صوبہ پنجاب میں پی سی ایس افسروں کے ساتھ جاری ناانصافیوں کا فی الفور خاتمہ یقینی بنایا جائے۔ سید حیدر عباس رضوی اور سفیان یوسف نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ صوبہ پنجاب میں ڈی ایم جی افسران کے تسلط اور پی سی ایس افسران کے ساتھ ناانصافیوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور پی سی ایس افسران میں پائی جانے والی احساس محرومی کا خاتمہ کرنے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## نارتھ ناظم آباد عمر بلوچ گوٹھ کی سندھی، بلوچی اور بروہی برادری کے معززین کی ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت

کراچی۔۔۔16، جولائی 2010ء

نارتھ ناظم آباد عمر بلوچ گوٹھ کے سندھی، بلوچی اور بروہی برادری کے معززین علی خان جاموٹ، محمد عثمان بروہی، منظور احمد میمن اور ڈاکٹر محمد افضل قریشی نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفے اور ایم کیوایم کی پالیسیوں اور عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے ساتھیوں کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں غیر مشروط شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں وفد کی صورت میں رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی، اشفاق منگی، یوسف شاہوانی اور شاکر علی سے ہونے والی ملاقات میں کیا۔اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ اور رکن گل محمد مینگل بھی موجود تھے۔ وفد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے کو سراہا اور کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین واحد رہنماء ہیں جنہیں غریبوں کا احساس ہے اور یہی وجہ ہے کہ جناب الطاف حسین نے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اپنی عملی جدوجہد کا آغاز کیا اور غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کو ان کا جائز حق دلانے کیلئے ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ میدان سیاست میں غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو اسمبلیوں میں متعارف کرایا۔انہوں نے کہا کہ آج کراچی کو جو ترقی اور مقام ملا ہے وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہی بدولت ہے ان کے دامن میں حق پرست ناظمین جیسے سینکڑوں ہیرے موجود ہیں جنہیں ملک کی باگ ڈور تھمادی جائے تو پاکستان دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے گا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اب وہ وقت دور نہیں جب قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں ملک کے 98 فیصد غریب و مظلوم عوام اپنی حقوق کے حصول کی جدوجہد میں ضرور کامیاب ہونگے یہ اللہ کا احسان ہے کہ جس نے ہمیں جناب الطاف حسین جیسی قیادت عطا کی۔ انہوں نے شمولیت اختیار کرنے پر تمام افراد کا خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد دیتے ہوئے ایم کیوایم کی مختصر تاریخ سے آگاہ کیا اور تمام ساتھیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اب آپ تمام ساتھیوں پر لازم ہے کہ آپ بھی تنظیمی اصولوں کی پاسداری کریں، اس پر مکمل طور پر کاربند رہیں اور تحریکی لٹریچر کا باضابطہ مطالعہ کریں۔

## یہ آزادی صحافت کا دور ہے، اطلاعات کے شعبہ میں عوام کی شرکت سے ملک ترقی کرسکتا ہے، ایم کیوایم

## ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی عمارت کی تقریب سے ڈاکٹر فاروق ستار، واسع جلیل اور وسیم آفتاب کا خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ یہ دور آزادی صحافت کا ہے، اطلاعات کے شعبے میں عوام کی شرکت اور شمولیت سے ملک ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہوسکتا ہے۔ میڈیا دراصل پاکستان کو بچانے کی ایک تحریک ہے، ایم کیوایم ایک تحریک ہی نہیں ایک تنظیم، نظریہ اور انقلاب بھی ہے ایم کیوایم کی یہی خصوصیات اسے دیگر جماعتوں سے منفرد مقام عطا کرتی ہیں اگر ہم ملک میں اداروں کے قیام اور استحکام کی بات کرتے ہیں تو دیگر سیاسی جماعتوں کو بھی ایم کیوایم کی طرح اپنے شعبوں کی تجدید کرنا ہوگی اور ان شعبوں کو اداروں کے طور پر کام کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے جمعے کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو کے بالمقابل ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی واسع جلیل اور وسیم آفتاب نے بھی خطاب کیا۔ ایم کیوایم صرف اپنے عہد وفا، عزم اور ارادوں کی ہی تجدید نہیں کرتی بلکہ اپنے تنظیمی شعبوں کو نئے انداز سے متحرک کرتی ہے جیسا کہ آج ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح ہورہا ہے جہاں میڈیا سے متعلق تمام شعبوں کو یکجا کردیا گیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی پاکستان کا تھرڈ آپشن ہے جو ملک میں عارضی تبدیلی کے بجائے مستقل تبدیلی کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔ ایم کیوایم محض چہرے بدلنے کی بات نہیں کرتی بلکہ وہ ملک میں قائم گلے سڑے اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے بھی پرعزم ہے۔ ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ اس ملک میں مستقل تبدیلی آنا چاہئے، اگر امریکہ کے سفید ہاؤس میں ایک سیاہ فام صدر بنا ہے اور اس کا نعرہ تبدیلی تھا تو آج الطاف حسین کا بھی یہی پیغام ہے اب اس ملک میں تبدیلی کیلئے کوئی پیغمبر یا مسیحا نہیں اترے گا بلکہ سیاسی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ ورکنگ کلاس کے پڑھے لکھے لوگوں کو آئندہ انتخابات میں نامزد کریں۔ پاکستان کے عوام چاہیں تو وہ حکمرانوں کو ملک کی ترقی اور خوشحالی، مسائل کے حل اور تبدیلی کیلئے مجبور کرسکتے ہیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم ذرائع ابلاغ کے شعبے میں جدید ترین ٹیکنالوجی استعمال کررہی ہے دیگر سیاسی جماعتیں بھی ایسا کریں تو ملک کو 21 ویں صدی میں لے جایا جاسکتا ہے۔ اطلاعات کے شعبے میں عوام کی شرکت اور شمولیت ملک کو ترقی کے ایک نئے دور میں لے جائے گا جو سفر اختیار کرتے ہیں وہی دریا پار کرتے ہیں، خواہ وہ آگ و خون کا دریا کیوں نہ ہو، ایم کیوایم نے ایسے دریا پار کیے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا دراصل پاکستان کو بچانے کی ایک تحریک ہے یہ دور آزادی صحافت کا ہے۔ ایم کیوایم کی

رابطہ کمیٹی کے رکن ومرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہر دور میں جدت پسندی کواختیار کرنے کی کوشش کی ہے آج مرکزی شعبہ اطلاعات کی جس نئی عمارت کا افتتاح ہونے جارہا ہے یہاں میڈیا سے متعلق تمام شعبوں کوایک ہی چار دیواری میں یکجا کردیا گیا ہے۔گراؤنڈ فلور پر لائبریری، کانفرنس ہال ہے جبکہ دیگر بالائی منزلوں پر شعبہ خبر،فوٹواورویڈیوسیکشن قائم کردیے گئے ہیں۔آج کا دن نئے دور کے نئے آغاز کا دن ہے ہم آج میڈیا کے تیز تر ہم قدم ہورہے ہیں انہوں نے کہا کہ حق پرست صحافیوں نے ہمیشہ سچ کہنے کا بیڑا اٹھایا ہے ہم نے بھی ایسے حق پرست صحافیوں کوکبھی تنہانہیں چھوڑا اور یہ سلسلہ آئندہ بھی چلتا رہے گا۔پنجاب اسمبلی میں جب صحافیوں کیخلاف قرارداد منظور کی گئی تو وہ ایم کیوایم ہی تھی جس نے سب سے پہلے اس کیخلاف آواز بلند کی، جبکہ ووتیج بورڈ اور صحافیوں کے دیگر مسائل پرآواز اٹھانے میں ایم کیوایم ہی پہلے نمبر پر ہے،میڈیا ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے اور وہ یہ کردار ادا بھی کررہا ہے۔وسیم آفتاب نے کہا کہ اس ملک میں روشنی کی واحد کرن اور مسائل کا حل صرف اور صرف الطاف حسین ہیں جواس بات کا بھرپور ادراک اورویژن رکھتے ہیں کہ نظام کیسے قائم کیا جاسکتا ہے اور اسے کیسے کامیاب کرکے ملک کو بچایا جاسکتا ہے،قربانی دینا جناب الطاف حسین کے گھرانے کی سنت ہے۔اس ملک میں جب جب ایم کیوایم کیخلاف آپریشن کرکے اس کے راستے روکے گئے ایم کیوایم کا سفر آگے ہی آگے بڑھتا رہا۔آج ملک بھر کے مظلوم اور محکوم عوام کے نجات دہندہ الطاف حسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ کل ہمارے شہداء کی تعداد پندرہ ہزار ہے اگر ضرورت پڑی تو یہ پندرہ لاکھ میں بھی تبدیل ہوسکتے ہیں۔اس نظام کو کوئی بچا اور چلاسکتا ہے تو وہ الطاف حسین ہیں جو اپنے ساتھیوں کو ہر مشکل اور مظالم پر صبر کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ایم کیوایم کیخلاف سازشوں کا پردہ اب جبکہ چاک ہو چکا ہے اس کے باوجود مجرمانہ خاموشی کیوں ہے۔اس ملک کی تاریخ بہت تلخ اور بھیانک ہے اور آج اس ملک کا جغرافیہ ایک سوالیہ نشان بنا ہوا ہے۔

## ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی جدید سہولیات اورٹیکنالوجی سے آراستہ شاندار نئی عمارت کا افتتاح جمعہ کی شام ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائمخانی، رابطہ کمیٹی کے ارکان اور شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے نقاب کشائی کرکے کیا۔شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاح کے سلسلے میں جمعہ کی شام ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر پررونق تقریب منعقد کی گئی جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹیلی فونک خطاب کیا۔افتتاحی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست عوامی نمائندے اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، دانشور، کالم نگار، پرنٹ والیکٹرونک میڈیا کے نمائندگان، فوٹوگرافرز اور معززین شہر کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کے افتتاح کے سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے زبردست انتظامات کیے گئے تھے اور اس سلسلے میں نائن زیرو کے سامنے بڑا پنڈال تیار کیا گیا، پنڈال میں سامنے کی جانب فرشی اسٹیج تیار کیا گیا تھا جس کے عقب میں خوبصورت اسکرین لگائی گئی تھی جس پر جلی حروف میں ''افتتاحی تقریب، مرکزی شعبہ اطلاعات، قائد تحریک جناب الطاف حسین کا خطاب'' اسٹیج میں سامنے کی جانب شرکاء کیلئے نشستوں کا اہتمام کیا گیا جس پر دانشور، ادیب، شعراء، اخبارات وجرائد کے مدیران، کالم نگار، اینکر پرسن، مختلف صحافتی تنظیموں کے ارکان، پرنٹ والیکٹرونکس میڈیا سے تعلق رکھنے والے نمائندگان ،فوٹوگرافرز اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معززین شہر براجمان تھے۔اسٹیج دائیں جانب صحافیوں کیلئے پریس گیلری بنائی گئی تھی جہاں سے رپورٹرز حضرات تقریب کی کوریج کررہے تھے۔تقریب کا آغاز ٹھیک 7 بجے تلاوت قرآن پاک سے ہو۔تقریب میں نظامت کے فرائض حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے انتہائی خوش اسلوبی سے انجام دیئے۔تقریب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار، رکن رابطہ کمیٹی وشعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل اور رکن رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب نے خطاب کیا اور اطلاعات ونشریات کے شعبہ کی افادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے مبارکباد پیش کی۔ٹھیک 8 بجے اسٹیج سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون پر آمد کا اعلان ہوا اس موقع پر شرکاء تقریب نے جناب الطاف حسین کا پرتپاک استقبال کیا اور جئے الطاف، جئے متحدہ کے نعرے لگائے۔جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں 21 صدی میں کمیونی کیشن کی جدید ٹیکنالوجی کی ضرورت پر بات کی اور شعبہ اطلاعات کی عمارت کے افتتاح پر مبارکباد پیش کی۔

## الطاف حسین کے بڑے بھائی ابرار حسین اور گورنر سندھ کی صاحبزادی شمائلہ کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب کے شرکاء نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے بھائی ابرار حسین کے بائی پاس کی کامیابی اور گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی بڑی صاحبزادی شمائلہ کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے خصوصی طور پر دعا کی۔شرکاء نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر رکن انیس ایڈووکیٹ کے بھانجے جو کینیڈا میں لاپتہ ہوگئے ہیں ان کی بحفاظت اور مکمل صحت کے ساتھ بازیابی کیلئے دعا کی۔یہ دعائیں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر کی گئیں۔

## حق پرست عوام ایم کیوایم یوکے آرگنائزر عظمت اللہ بیگ کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔16، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم یوکے آرگنائزر عظمت اللہ بیگ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین حق پرست عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ عظمت اللہ بیگ کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ڈاکٹر فاروق ستار اور انیس احمد قائمخانی نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار اورانیس قائم خانی نے جمعے کے روز ایک تقریب میں ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح کردیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے دیگرارکان کے علاوہ مدیران اخبارات،سینئرصحافی،کالم نگار،دانشور،شعراء اورادیب کی بھی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔بعدازاں انہوں نے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا معائنہ کیااوراس کی دل کھول کرتعریف کی۔

☆☆☆☆☆